# نوٹس شرح مائۃ عامل

س 1 :- شرح مائۃ عامل کے مصنف کا کیا نام ہے ؟ (عبدالرحمن بن احمد
ج :- امام عبد القاہر بن عبد الرحمن جرجانی الجامی)

س 2 :- شرح مائۃ عامل سے کیا مراد ہے ؟
ج :- اس سے مراد نحو کے 100 عامل کی شرح (وضاحت) ہے

س 3 :- ان عوامل کی کتنی قسمیں ہیں ؟
ج :- دو قسمیں 1) لفظی 2) معنوی

س 4 :- لفظی عوامل سے کیا مراد ہے ؟
ج :- وہ عوامل جن کا تلفظ ہو سکے۔ جیسے حروف جارہ، ناصبہ

س 5 :- لفظی عوامل کتنے ہیں ؟
ج :- اٹھانوے (98) ہیں۔

س 6 :- معنوی عوامل کتنے ہیں ؟
ج :- دو (2) ہیں۔

س 7 :- لفظی عوامل کی کتنی قسمیں ہیں ؟
ج :- دو (2) قسمیں 1) سماعی 2) قیاسی

س 8 :- سماعی عوامل سے کیا مراد ہے ؟
ج :- وہ عوامل جو اہل عرب کی بول چال (سماع) سے معلوم ہوں اور ان کا کوئی قاعدہ نہ ہو۔

س 9 :- سماعی عوامل کتنے ہیں ؟
ج :- اکانوے (91) ہیں۔

س 10 :- قیاسی عوامل کتنے ہیں ؟
ج :- سات (7) ہیں۔

س 11 :- سماعی عوامل کی کتنی قسمیں ہیں ؟
ج :- سماعی عوامل کی 13 قسمیں ہیں۔

س 12 :- سماعی عوامل کی پہلی قسم کن حروف کے بارے میں ہے ؟
ج :- پہلی قسم حروف جارہ کے بارے میں ہے۔

س 13 :- حروف جارہ کیا عمل کرتے ہیں؟

ج :- حروف جارہ صرف اسم کو جر دیتے ہیں۔

س 14 :- حروف جارہ کتنے ہیں؟

ج :- حروف جارہ (17) ہیں۔

س 15 :- حروف جارہ میں پہلا حرف کون سا ہے؟

ج :- پہلا حرف (باء) ہے

س 16 :- (باء) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (باء) کے 10 معانی ہیں:-

1) الصاق 2) استعانت 3) تعلیل 4) مصاحبت
5) تعدیہ 6) مقابلہ 7) قسم 8) استعطاف
9) ظرفیت 10) زیادت

س 17 :- حروف جارہ میں دوسرا حرف کون سا ہے؟

ج :- دوسرا حرف (لام) ہے۔

س 18 :- (لام) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (لام) کے 5 معانی ہیں:-

1) اختصاص 2) زیادت 3) تعلیل 4) قسم
5) معاقبت یعنی (نتیجہ)

س 19 :- حروف جارہ میں تیسرا حرف کون سا ہے؟

ج :- تیسرا حرف (من) ہے۔

س 20 :- (من) کے کتنے اور کون کون معانی ہیں؟

ج :- (من) کے 4 معانی ہیں:-

1) ابتدائے غایت 2) تبعیض 3) تبیین 4) زیادت

س 21 :- حروف جارہ میں چوتھا حرف کون سا ہے؟

ج :- حروف جارہ میں چوتھا حرف (الیٰ) ہے۔

س 22 :- (الیٰ) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (الیٰ) کے 2 معانی ہیں:-

1) انتہائے غایت 2) مصاحبت

س 23 :- (الی) کا ما بعد ماقبل میں کب داخل ہوتا ہے؟

ج :- جب (الی) [illegible] بمعنی "مع" ہو اور اس کا ما بعد اس کے ماقبل کی جنس سے ہو تو اس کا ما بعد ماقبل میں داخل ہو سکتا ہے۔

س 24 :- (الی) کا ما بعد ماقبل میں کب داخل نہیں ہوتا؟

ج :- جب (الی) کا ما بعد ماقبل کی جنس سے نہ ہو تو اس کا ما بعد، ماقبل میں داخل نہیں ہوتا۔

س 25 :- کیا (الی) ضمیر پر داخل ہوتا ہے؟

ج :- (الی) اسم ضمیر اور اسم ظاہر دونوں پر داخل ہوتا ہے جبکہ (حتی) اسم ظاہر کے ساتھ خاص ہے اسم ضمیر پر داخل نہیں ہوتا۔ جیسے (الیہ) کہا جائے گا۔ (حتاہ) نہیں کہا جائے گا۔

س 26 :- حروف جارہ میں پانچواں حرف کون سا ہے؟

ج :- پانچواں حرف (حتی) ہے۔

س 27 :- (حتی) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (حتی) کے 2 معانی ہیں :-

1) انتہاء غایت 2) مصاحبت

س 28 :- (حتی) کے ماقبل اور ما بعد کا کیا حکم ہے؟

ج :- (حتی) کا ما بعد (جب آخری جزء ہو تو) ماقبل میں داخل ہوتا ہے۔

س 29 :- کیا (حتی) اسم ضمیر پر داخل ہوتا ہے؟

ج :- نہیں (حتی) اسم ظاہر کے ساتھ خاص ہے۔

س 30 :- حروف جارہ میں چھٹا حرف کون سا ہے؟

ج :- حروف جارہ میں چھٹا حرف (علیٰ) ہے۔

س 31 :- (علیٰ) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (علیٰ) کے 3 معانی ہیں :-

1) استعلاء 2) بمعنی باء 3) بمعنی فی

س 32 :- حروف جارہ میں سے ساتواں حرف کون سا ہے؟

ج :- حروف جارہ میں ساتواں حرف (عن) ہے۔

س 33 :- (عن) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- (عن) کا ایک معانی ہے :-
1) بُعد اور مجاوزت (یعنی دوری اور گزرنا)

س 34 :- حرف جارہ میں آٹھواں حرف کون سا ہے؟

ج :- آٹھواں حرف (فی) ہے۔

س 35 :- (فی) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- 2 معانی ہیں :- 1) ظرفیت 2) استعلاء

س 36 :- حرف جارہ میں نواں حرف کون سا ہے؟

ج :- نواں حرف (کاف) ہے۔

س 37 :- کاف کتنے معانی میں استعمال ہوتا؟

ج :- 2 معانی میں :- 1) تشبیہ 2) زائد

س 38 :- حرف جارہ میں دسواں اور گیارہواں حرف کونسا ہے؟

ج :- دسواں اور گیارہواں (مُذ ، مُنذُ) ہے۔

س 39 :- (مُذ اور مُنذ) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- 2 معانی ہیں :- 1) ابتداء غایت 2) جمیع مدت

س 40 :- حروف جارہ میں بارہواں حرف کونسا ہے؟

ج :- بارہواں حرف (رُبّ) ہے۔

س 41 :- (رُبّ) کے کتنے معانی ہیں؟

ج :- 1 معانی ہے :- 1) تقلیل (قلت)

س 42 :- (رُبّ) جب تقلیل کے لیے آتا ہے تو اسکا مجرور اور متعلق کیا ہوتا ہے؟

ج :- (رُبّ) جب تقلیل کے لیے آتا ہے تو اسکا مجرور ہمیشہ نکرہ موصوفہ اور اسکا متعلق ہمیشہ فعل ماضی ہوتا ہے

س 43 :- (رُبّ) جب ضمیر مبہم کے ساتھ آئے تو اسکی تمییز کیا ہوتی ہے؟

ج :- اس صورت میں اسکی تمییز صرف نکرہ موصوفہ ہوتی۔ جو ضمیر کے ابہام کو دور کرتی ہے۔

س ۴۴ :- حروف جارہ میں تیرہواں حرف کونسا ہے؟
ج :- حروف جارہ میں تیرہواں حرف (واو) ہے۔
س 45 :- (واو) کے کتنے معانی ہیں؟
ج :- (واو) کے 2 معانی ہیں: 1) قسم 2) واو بمعنی رب
س ۴۶ :- کیا (واو) اسم ضمیر پر داخل ہو سکتی ہے؟
ج :- (واو) حتیٰ کی طرح صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتی ہے اسم ضمیر پر نہیں آتی
س 47 :- حروف جارہ میں چودہواں حرف کون سا ہے؟
ج :- حروف جارہ میں چودہواں حرف (تاء) ہے۔
س ۵۰ :- (تاء) کے کتنے معانی ہیں؟
ج :- (تاء) کا ایک معنیٰ ہے: 1) قسم
س ۵۱ :- کیا (تاء) اسم ظاہر اور اسم ضمیر پر آسکتی ہے؟
ج :- (تاء) صرف "اللہ" عزوجل کے نام پر آتی ہے اسم ظاہر اور اسم ضمیر پر نہیں آتی۔
س 52 :- حروف جارہ میں پندرہواں، سولہواں اور سترہواں حرف کون سا ہے؟
ج :- حروف جارہ میں پندرہواں حرف (حَاشَا)، سولہواں (خَلَا) اور سترہواں (عَدَا) ہے۔
س 53 :- (حاشا)، (خلا)، (عدا) کے کتنے معانی ہیں؟
ج :- ان کا صرف 1 معنیٰ ہے: 1) استثناء
س 54 :- (حاشا)، (خلا)، (عدا) میں کیا اختلاف ہے؟
ج :- اس میں دو باتیں ہیں:-
بعض کہتے ہیں جب یہ درمیان کلام میں آئیں اور ان سے پہلے (ما) مصدریہ نہ ہو تو یہ خود افعال ہوتے ہیں اور ان کے بعد والا اسم مفعول ہونے کی بنا پر منصوب ہوتا ہے اور ان کا فاعل وہ ضمیر ہے جو ہمیشہ ان میں پوشیدہ ہوتی ہے۔

جب خلا اور عدا سے پہلے (ما) مصدریہ ہو تو یہ فعلیت کے لیے متعین ہوتے ہیں۔

س 55 :- حروف جارہ کو ایک شعر میں ذکر کریں؟
ج :- با و تا و کاف لام واو منذ مذ خلا رُبّ
حاشا من عدا فی عن علی حتی الی

(جواب قسم)

س 56 :- کیا قسم کے لیے جواب قسم کی ضرورت ہوتی ہے؟
ج :- قسم کے لیے جواب قسم ضروری ہے۔
س 57 :- جواب قسم کی کتنی حالتیں ہیں؟ اور کون کون سی ہیں؟
ج :- جواب قسم کی ۵ حالتیں ہیں۔ اور وہ یہ ہیں:
۱) جملہ اسمیہ مثبتہ ۲) جملہ اسمیہ منفیہ
۳) جملہ فعلیہ مثبتہ ۴) جملہ فعلیہ ماضی منفی
۵) جملہ فعلیہ مضارع منفی

س 60 :- جواب قسم جب جملہ اسمیہ مثبتہ ہو تو اسکا آغاز کس حرف سے ہوتا؟
ج :- اس صورت میں اس کا آغاز (اِنَّ) یا (لام ابتداء) سے ہوتا ہے
س 61 :- جواب قسم جب جملہ اسمیہ منفیہ ہو تو اس کا آغاز کس حرف سے ہوتا ہے؟
ج :- اس صورت میں اسکا آغاز (ما) یا (لا) یا (اِن) سے ہوتا۔
س 62 :- جواب قسم جب جملہ فعلیہ مثبتہ ہو تو اسکا آغاز کس حرف سے ہوتا؟
ج :- اس صورت میں اسکا آغاز (لام اور قد) یا صرف (لام) سے ہوتا۔
س 63 :- جواب قسم جب جملہ فعلیہ ماضی منفی ہو تو اسکا آغاز کس سے ہوتا؟
ج :- اس صورت میں اسکا آغاز (ما) سے ہوتا ہے
س 64 :- جواب قسم جب جملہ فعلیہ مضارع منفی ہوتی اسکا آغاز کس سے ہوتا؟
ج :- اس صورت میں اسکا آغاز (مَا) یا (لَا) یا (لَنْ) سے ہوتا ہے۔

س ۶۵ :- جواب قسم کب محذوف ہوتا ہے؟

ج :- جب قسم سے پہلے ایسا جملہ ہو جو جواب قسم واقع ہو سکتا ہو تو اس صورت میں جواب قسم محذوف ہوگا۔

## النوع الثالث

س ۶۶ :- سماعی عوامل کی دوسری قسم کن حروف کے بارے میں ہے؟

ج :- سماعی عوامل کی دوسری قسم حروف مشبہ بالفعل کے بارے میں ہے۔

س ۶۷ :- حروف مشبہ بالفعل کتنے ہیں؟ اور یہ کیا عمل کرتے ہیں؟

ج :- حروف مشبہ بالفعل (6) ہیں اور یہ مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

س ۶۸ :- حروف مشبہ بالفعل (إِنَّ) اور (أَنَّ) کیا عمل کرتے؟

ج :- یہ دونوں جملہ اسمیہ کے مضمون کی تحقیق ظاہر کرتے ہیں۔

س ۶۹ :- حروف مشبہ بالفعل (كَأَنَّ) کیا عمل کرتے ہیں؟

ج :- (كَأَنَّ) یہ تشبیہ کے لیے آتا ہے۔

س ۷۰ :- حروف مشبہ بالفعل (لٰكِنَّ) کیا کام کرتا ہے؟

ج :- یہ استدراک کے لیے آتا ہے۔ یعنی اس وہم کو دور کرنے کے لیے آتا ہے جو سابق کلام سے پیدا ہو۔ اس لیے یہ دو مختلف مفہوم والے جملوں کے درمیان میں آتا ہے۔

س ۷۱ :- حروف مشبہ بالفعل (لیت) کیا کام کرتا ہے؟

ج :- یہ (لیت) تمنی کے لیے آتا ہے۔

س 72 :- حروف مشبہ بالفعل (لعل) کیا کام کرتا ہے؟

ج :- یہ (لعل) ترجی کے لیے آتا ہے۔ یعنی (امید ظاہر کرنے کے) لیے آتا ہے۔

س 73 :- تمنی اور ترجی میں کیا فرق ہے؟

ج :- تمنی اور ترجی میں فرق یہ ہے کہ تمنی عام کے لیے یعنی جس کام کا ہونا ممکن ہو اور جس کا ہونا ممکن نہ ہو دونوں کے لیے آتا۔

اور ترجی صرف ممکنات (یعنی جن کا ہونا ممکن ہو) صرف اس کے لیے آتا ہے۔

س 74 :- جب حروف مشبہ بالفعل پر (ما) کافّہ داخل ہو تو وہ کیا عمل کرتے ہیں؟

ج :- جب ایسی صورت ہو تو وہ ان کو عمل سے روک دیتا ہے۔

س 75 :- حروف مشبہ بالفعل مکمل بیان کریں؟

ج :- (اِنَّ)، (اَنَّ)، (کَاَنَّ)، (لٰکِنَّ)، (لَیْتَ)، (لَعَلَّ)

## النوع الثالث

س 76 :- سماعی عوامل کی تیسری قسم کن حروف کے بارے میں ہے؟

ج :- سماعی عوامل کی تیسری قسم (ما) و (لا) کے متعلق ہے۔

س 77 :- (ما) و (لا) کی لَیْسَ سے کس چیز میں مشابہت ہے؟

ج :- (ما) و (لا) نفی میں اور مبتدا اور خبر پر داخل ہونے میں لیس کے مشابہ ہے۔

س 78 :- (ما) و (لا) کیا عمل کرتے ہیں؟

ج :- یہ دونوں مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے مبتدا کو ان کا اسم اور خبر کو ان کی خبر کہتے۔ یہ اپنے اسم کو رفع کو خبر کو نصب دیتے ہیں۔

س 79 :- کیا (ما) معرفہ نکرہ دونوں پر آتا ہے؟

ج :- جی ہاں یہ معرفہ نکرہ دونوں پر آتا ہے۔

س 80 :- کیا (لا) معرفہ نکرہ دونوں پر آتا ہے؟

ج :- جی نہیں (لا) صرف نکرہ پر داخل ہوتا ہے۔

س 81 :- کتنے حروف اسم کو نصب دیتے اور وہ کون کون سے ہیں؟

ج :- 7 حروف اسم کو نصب دیتے۔ واو، الا، یا، أیا، ھیا، ای، ہمزہ مفتوحہ

س 82 :- منادی کب مرفوع اور کب منصوب ہوتا؟